# URDU CORE (A) Code 003

**CLASS XII (2020-2021)**

**TIME : 3 Hrs.** | **SUBJECT - URDU** | **M.M.: 80**

سوال 1 درج ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھنے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔ 5

لیکن جینے کا سلیقہ صرف بڑے بڑے اصولوں کی پابندی پر ہی منحصر نہیں اس میں بہت سی چھوٹی چیزیں بھی ہیں ایک معمولی انسان کی زندگی کا ہر لمحہ ایسی سطح پر بسر نہیں ہوتا جہاں ہر قدم پر منصور کی طرح انا الحق کہنے کی ضرورت ہے اس میں اس سے بھی زیادہ اہمیت ہے ایسی بظاہر معمولی صفات کی جو انسانی رشتوں میں خوش گواری پیدا کرتی ہیں یہ کون سی صفات ہیں؟ آپس کے میل جول میں درستی اور مہربانی معاملات میں انصاف، سچائی اور بھروسہ مل جل کر کام کرنا دوسروں کے حقوق کی پاسداری اور ان کے رائے کا احترام، خوش مزاجی اور ظرافت اور خواہ مخواہ کی دل شکنی اور بدگوئی سے پرہیز۔

۱۔ جینے کا سلیقہ منحصر ہے.......

۲۔ عین الحق کے معنیٰ ہیں۔

۳۔ انسانی رشتوں میں خوش گواری پیدا کرنے والی صفات ہیں

۴۔ لفظ خوش گواری کے کیا معنیٰ ہیں؟

۵۔ لفظ حقوق کس کی جمع ہے

یا

درج ذیل غیر درسی اقتباس کر پڑھنے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔

۱۹۳۶ کے برلن اولمپک مقابلوں میں دھیان چند کو ہندوستان کی ہاکی ٹیم کا کپتان چنا گیا فائنل مقابلہ ہندوستان اور جرمنی کی ٹیموں کے درمیان تھا یہ مقابلہ بڑا سخت ثابت ہوا میچ کے درمیان گیند ہر وقت دھیان چند کی ہاکی اسٹک کے ساتھ چپکی رہتی تھی۔ گیند کو اپنے قابو میں رکھنے کے اس ٹھیک طریقے کو دیکھ کر تماشائی حیران رہ گئے مقابلے کا انتظار کرنے والے کچھ لوگوں کو یہ شک ہونے لگا کہ کہیں دھیان چند کی اسٹک میں کوئی ایسی چیز تو نہیں لگی ہے جو گیند کو اپنی جانب کھینچے رہتی ہے چنانچہ دھیان چند کو دوسری اسٹک سے کھیلنے کے لئے کہا گیا دوسری اسٹک سے بھی دھیان چند دھڑا دھڑ لوگوں کا تانتا باندھ دیا

۱۔ دھیان چند کو ہندوستان کا ہاکی ٹیم کا کپتان کس سن میں منایا گیا؟

۲۔ فائنل میچ ہندوستان کا کس کے درمیان ہوا؟

۳۔ دونوں ٹیموں کے درمیان فائنل مقابلہ کیا رہا؟

۴۔ تماشائیوں کے من میں کیا پیدا ہونے لگا۔

۵۔ دوسری اسٹک سے دھیان چند نے کیا کیا۔

سوال2 درج ذیل غیر درسی شعری حصے کو غور سے پڑھو اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔ 5

بے تعلق وہ ہوا ہے تو چلو یونہی سہی
راہ اور اس سے کوئی ایسی پرانی بھی نہیں
غم گساروں کے ہیں در بند تو اب بند رہیں
اپنے دکھ سکھ کی کتھا اور سنانی بھی نہیں
اب کہانی میں مزہ آئے تو کیسے آئے
کوئی راجا بھی نہیں کوئی رانی بھی نہیں
کوئی لفظوں کو زبان دے کر کرے گا زندہ
غالب و میر کی کیا بات کہ بانی بھی نہیں

۱۔ در کس کے بند ہو گئے؟
۲۔ کس نے لفظوں کو زبان دے کر زندہ کیا؟
۳۔ غم گسار کے کیا معنیٰ ہیں؟
۴۔ راجہ اور رانی کے نہ ہونے سے کیا ہوا؟
۵۔ غالب و میر کا تعلق کس سے ہے؟

یا

درج ذیل غیر درسی شعری حصہ کو پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے

اول شب وہ بزم کی رونق، شمع بھی تھی پروانہ بھی
رات کے آخر ہوتے ہوئے ختم تھا یہ افسانہ بھی
ہاتھ سے کس نے ساغر پٹکا موسم کی بے کیفی پر
اتنا برسا ٹوٹ کے پانی، ڈوب چلا مے خانہ بھی
ایک لگی کے دریں اثر اور دونوں سب مراتب ہیں
لو جو لگائی شمع کھڑی ہے، رقص میں ہے پروانہ بھی

۱۔ اوّل شب بزم کی رونق کون تھی؟
۲۔ رات کے ہوتے ہوئے کیا ختم تھا
۳۔ موسم کی بے کیفی پر کیا پٹکا۔
۴۔ ٹوٹ کر پانی برسنے سے کیا ڈوب گیا؟

۵۔ لولگائے کون کھڑی ہے؟

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہی چار سوالوں کے لکھئے

Attempt any 4 out of 5 questions.

سوال۳۔ ا۔ مختصر مضمون کی ایک شکل ہے۔ 4

A۔ انشائیہ

B۔ مکتوب نگاری

C۔ آپ بیتی

۲۔ میگھالیہ کی آبادی کتنی ہے؟

A۔ تقریباً دس لاکھ

B۔ تقریباً پندرہ لاکھ

C۔ تقریباً سولہ لاکھ

۳۔ شیلانگ نام ہے

A۔ دیوتا کا

B۔ جانور کا

C۔ کسی چڑیا کا

۴۔ شیلانگ کو کیا کہا جاتا ہے؟

A۔ پہاڑوں کی ملکہ

B۔ ندیوں کا ملکہ

C۔ نہروں کا ملکہ

۵۔ وارڈ یک نام کی جھیل مشابہ ہے؟

A۔ گھوڑے کی نال سے

B۔ ہاتھی کے پیر سے

C۔ مجسمہ کی شکل سے

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہی چار سوالوں کے لکھئے

Attempt any 4 out of 5 questions.

سوال۴۔ ا۔ دنیا کا سب سے زیادہ بارش والا علاقہ ہے؟ 4

A۔ شیلانگ

B۔ چیراپونجی

C۔ آسام

۲۔ اردو میں انشاءَ کی ابتداء کس رسالے سے ہوتی ہے؟

A۔ تہذیب الاخلاق

B۔ اودھ پنچ

C۔ مخزن

۳۔ ابتداء میں مضمون نگاری اور انشائیہ نگاری ہیں۔

A۔ زیادہ فرق نہیں تھا

B۔ کوئی فرق نہیں تھا

C۔ فرق ہے

۴۔ ''پرشوکت'' کا مطلب ہے

A۔ جاندار

B۔ شاندار

C۔ خبردار

۵۔ افسانے کی تعریف ہے۔

A۔ افسانہ ایسی نثری کہانی ہے جو ایک ہی نشست میں پڑھی جاسکے۔

B۔ افسانہ ایسی نثری کہانی ہے جو کئی نشست میں پڑھی جاسکے۔

C۔ افسانہ ایسی تیز کہانی ہے جو پڑھی نہ جاسکے۔

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہی چار سوالوں کے لکھئے

Attempt any 4 out of 5 MCQ questions.

سوال ۵۔۱۔ علی عباس حسینی کے افسانوں کی بڑی خوبی ہے۔ 4+

A۔ ان کی سخت زبان

B۔ ان کی سہل زبان

C۔ ان کی ڈرانے والی بات

۲۔ مثنوی کے لئے اشعار کی تعداد مقرر ہے۔

A۔ دو کی

B۔ پانچ کی

C۔ کوئی نہیں

۳۔ طویل مثنوی میں کتنے اجزاء ہوتے ہیں؟

A۔ پانچ

B۔ چھ

C۔ آٹھ

۴۔ ناول کیا ہے

A۔ نظمیہ بیان

B۔ نثری بیان

C۔ افسانوی بیان

۵۔ نیازمند کا مطلب ہے

A۔ ارادت مند

B۔ غیرت مند

C۔ ضرورت مند

مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہی چار سوالوں کے لکھئے

Attempt any 4 out of 5 MCQ questions.

سوال۶۔ ۱۔ مراقبہ کا مطلب ہے 4

A۔ بے توجہی

B۔ بے غیرتی

C۔ دھیان

۲۔ بڑے بول کا سر نیچا کا مطلب ہے۔

A۔ غرور کا سر نیچا

B۔ عہدے کا پوری طرح فائدہ اٹھانا

C۔ غرور کرنا گناہ ہے

۳۔ جیسا دیش ویسا بھیس محاورے کا مطلب ہے۔

A۔ جانکار آدمی ہوشیار رہوتا ہے

B۔ بھلائی بدلا بھلائی میں ملتا ہے

C۔ موقع کی نزاکت کے مطابق بدلنا

۴۔ سو گھڑے پانی پڑ جانا محاورے کا مطلب ہے۔

A۔ بہت شرمندہ ہونا

B۔ گھڑوں سے پانی ڈالنا

C۔ غصہ ہو جانا

۵۔ سر نیچا ہونا محاورے کا مطلب ہے

A۔ شرمندہ ہونا

B۔ نیچے جھکنا

C۔ ہاتھ خالی ہونا

درج ذیل سبھی سوالوں کے جواب لکھئے

Attemp all 4 MCQ questions.

سوال ۷۔ ا۔ برے دن دیکھنا محاورے کا مطلب ہے۔ 4

A۔ برا لگنا

B۔ مصیبت میں زندگی گذارنا

C۔ ڈر جانا

۲۔ آؤ بھگت کرنا محاورے کا مطلب ہے۔

A۔ مدد کرنا

B۔ الٹا کام کرنا

C۔ استقبال کرنا

۳۔ آگ بھڑکانا مطلب ہے

A۔ بے عزت کرنا

B۔ بے کار ہو جانا

C۔ حد سے زیادہ غصہ ہو کر برا بھلا کہنا

۴۔ خاک میں مل جانا محاورے کا مطلب ہے۔

A۔ سب کچھ ختم ہونا

B۔ ہار جانا

C۔ کامیابی حاصل کرنا

درج ذیل سبھی سوالوں کے جواب لکھئے

Attemp all 5 questions.

سوال ۸۔ درج ذیل شعری درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے۔ 5

روشِ خام پہ مردوں کی نہ جانا ہرگز
داغ تعلیم میں اپنی نہ لگانا ہر گز

نام رکھنا ہے نمائش کا ترقی وبہ خارم
تم اس انداز میں نہ آنا ہرگز

رنگ ہے جن میں مگر بوجی وفا کچھ بھی نہیں
ایسے پھولوں سے نہ گھر اپنا سجانا ہرگز

نقل یورپ کو مناسب ہے مگر پاور ہے
خاک میں غیرت قدم نہ ملانا ہرگز

خود جو کرتے ہیں زمانے کی روشِ کو بدنام
ساتھ دیتا نہیں ایسوں کا زمانہ ہرگز

۱۔ روشِ خام پر کسی کی نہ جانا

۲۔ داغ کس پر نہ لگانا

۳۔ کس کے دھوکے میں نہ گرنا

۴۔ شاعر نے کس طرح کے پھولوں سے گھر سجانے کو منع کیا ہے؟

۵۔ کس کی روش کو بدنام کرتے ہیں؟

درج ذیل سبھی سوالوں کے جواب لکھئے

Attemp all 5 questions.

سوال ۹۔ درج ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالوں کے جواب لکھئے: 5

ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے سامنے شاندار مستقبل تھا وہ چاہتے تو بیرون ملک جا کر مالی مشکلات اور بے روزگاری کے مسئلے پر قابو پا سکتے تھے لیکن وطن عزیز سے سچّی محبت اور ملک وقوم کی خدمت کے جذبے نے انہیں یہ قدم اٹھانے دیا ڈاکٹر کلام نے ۱۹۵۷ میں DRDO سے وابستہ ہوکر اپنی علمی زندگی کا آغاز کیا اور یہاں پانچ سال تک اہم سائنسی تحقیقات میں مصروف رہے انہوں نے اپنی محنت اور لگن سے فضائی سائنس اور ٹیکنالوجی میں ملک کو اہم مقام تک پہونچا دیا انہوں زندگی کا سارا وقت میزائلوں کی ترقی کے سلسلے میں وقف کر دیا اور میزائلوں کے منصوبے کے ساتھ ایٹمی تحقیق کے شعبوں میں نمایا کارکردگی کا ثبوت دیا اس بڑی کامیابی نے انہیں ''میزائل مین'' بنادیا اور ان کا شمار دنیا کے دس بڑے میزائل سائنس دانوں میں ہونے لگا وہ ہمیشہ نظریہ متصد اور ہدف Vision Mission Goal کے اپنے مقصدی جملے پر عمل پیرا رہے۔

- i- ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام کے سامنے کیا شاندار مستقبل تھا؟
- ii- ڈاکٹر کلام نے اپنی مکمل زندگی کا آغاز کس طرح کیا؟
- iii- ڈاکٹر کلام کو میزائل مین کیوں کہا جاتا ہے؟
- iv- ڈاکٹر کلام کا مقصدی جملہ کیا ہے؟
- v- درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

## حصہ (ب) تحریری مہارت

سوال ۱۰ اپنے علاقہ کے کونسلر کو سڑکوں کی مرمت کرانے کے لئے ایک خط لکھئے۔

یا

اپنے اسکول میں سالانہ جلسہ کے دعوت کے لئے اپنے دوست کے نام ایک خط لکھئے۔ 5

یا

اپنے پرنسپل کے نام سیکشن بدلنے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

سوال ۱۱ مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہی چار سوالوں کے جواب لکھئے: 2x4=8

- i- یورپ کی نقل کرنے کو کیوں منع کیا گیا ہے؟
- ii- دل سے پردۂ شرم اٹھانے کا کیا مطلب ہے؟

iii- آخری خلل بادشاہ کے دور میں کی دلّی کی کیا خصوصیات تھیں؟

iv۔ مصنف نے پھول والوں کی سیر کا کیا منظر پیش کیا ہے؟

v- ہرلیش اپنی بسہ اوقات کیا کرتا تھا؟

vi- ہندوستان آنے کے بعد پورن مل پر کیا گزری؟

vii- خطوں کو غالب نے بیرنگ بھیجنے کی بات کیوں کہی؟

سوال۱۲۔مندرجہ ذیل سوالوں میں سے کنہیں دوسوالوں کے جواب لکھئے۔ 3x2=6

i- مصنف کے یہاں ٹیلیفون کس کس طرح کے آتے تھے؟

ii- مصنفؔ کے دوست نے میر صاحب سے کیوں معذرت کی؟

iii- مصنفؔ نے ایک معزز دولت مندترین صاحب کی دعوت سے متعلق کن خیالات کا اظہار کیا ہے؟

iv- میگھالیہ میں کون کون سے قبیلے آباد ہیں؟

v- اس صوبہ کا نام میگھالیہ کیوں رکھا گیا؟

vi- میگھالیہ کے خالی رسم ورراج کون کون سے ہیں؟

سوال۱۳۔ درج ذیل اصناف میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھئے۔ 6

i- مضمون نگاری ii- افسانہ

iii- انشائیہ vi- مکتوب نگاری

یا

i- ناول ii- مثنوی

iii- نظم vi- طویل نظم

سوال۱۴۔ درج ذیل اسباق میں کس ایک سبق کا خلاصہ لکھئے 5

i- دعوت ii- گاؤں کی لاج

iii- ذرافون کرلوں vi- بڑے بول کا سرنیچا

یا

i- پھول والوں کی سیر ii- آگرہ بازار

iii- جاپان ستمبر کا چاند vi- میگھالیہ

سوال۱۵۔ درج ذیل میں سے کس ایک پر نوٹ لکھئے۔ 5

i- ساحر لدھیانوی ii- میر تقی میر iii- برج نرائن چکبست

سوال ۱۶ مندرجہ ذیل عنوان میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر 250 سے 300 الفاظ پر مضمون لکھیے: 5

i- نوٹ بندی کے فائدے اور نقصانات

ii- یوم آزادی

iii- میرا پسندیدہ استاد